# 29-11-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱) تلنگانہ حکومت نے وقارآباد ضلع کے لاگا چرلہ میں مجوزہ فارما ولیجس کے لئے حصول اراضی کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا ہے۔

۲) مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت نے تلنگانہ کے رامپا اور نلا ملا خطوں میں دو ایکو ٹوریزم پروجکٹس کو منظوری دی۔

۳) علیحدہ ریاست تلنگانہ کی تشکیل کے لئے بی آر ایس پارٹی صدر کے چندر شیکھر راوٴ کی جانب سے کئے گئے غیر معینہ بھوک ہڑتال کے پندرہ سال مکمل ہونے پر بی آر ایس کیڈر نے آج ریاست بھر میں دکشا دیوس منایا۔

اور

۴) ریاستی وزیر کونڈا سریکھا نے الزام لگایا کہ بی آر ایس اپنے سیاسی مقاصد کے لئے گروکل اسکولوں کا استعمال کر رہی ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ حکومت نے وقارآباد ضلع کے لاگا چرلہ میں مجوزہ فارما ولیجس کے لئے حصول اراضی کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا ہے۔اس ضمن میں سرکاری احکامات آج جاری کردئے گئے۔ لاگا چرلہ میں 580 کسانوں کی 632 ایکڑ اراضی کے حصول کے لئے یکم اگست کو نوٹیفکیشن جاری کیا گیا تھا۔اس معاملے پر مقامی کسانوں نے شدید احتجاج کیا تھا۔ وقارآباد کے لاگا چرلہ میں اس حوالے سے منعقدہ ایک گرام سبھا میں ہنگامہ ہوگیا تھا۔کسانوں نے ضلع کلکٹر پرتیک جین، ایڈیشنل کلکٹر لِنگیا نائک، سَب کلکٹر اوماشنکر پرساد اور کوڈنگل ایریا ڈیولپمنٹ اتھاریٹی کے اسپیشل آفیسر پر لاٹھیوں سے حملہ کیا تھا اور سنگباری کی تھی۔ حالانکہ اس حملے میں کلکٹر اور ایڈیشنل کلکٹر کسی طرح محفوظ رہے تاہم اسپیشل آفیسر وینکٹ ریڈی شدید طور پر زخمی ہوئے تھے۔ڈی ایس پی سرینواس ریڈی جنھوں نے انھیں بچانے کی کوشش کی تھی اُنھیں بھی نشانہ بنایا گیا۔ اس واقعے کے بعد پولیس نے بی آر ایس کے سابق رکن اسمبلی پی نریندر ریڈی سمیت کئی افراد کے خلاف مقدمات درج کرتے ہوئے انھیں گرفتار کیا تھا۔اس واقعے پر حکمراں اور اپوزیشن پارٹیوں کے بیچ لفظی جنگ کا سلسلہ شروع کردیا۔اسی تناظر میں ریاستی حکومت نے لاگا چرلہ میں حصول اراضی کا نوٹیفکیشن واپس لینے کا فیصلہ کیا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا کہ تجدید شدہ چرلہ پرلی ریلوے اسٹیشن کا عنقریب افتتاح کیا جائے گا۔ اسٹیشن پر نئے سٹیلائٹ ٹرمینل 428 کروڑ روپئے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے جہاں پر پانچ لِفٹس اور پانچ ایسکلیٹرس ہے جو تمام پلیٹ فارمس کو جوڑتے ہیں۔کشن ریڈی نے کہا کہ ریلوے حکام کو امید ہے کہ جملہ 19 لائنوں پر 25 ٹرینوں کی جوڑی چلے گی، جس سے کاچی گوڑہ، حیدرآباد، سکندرآباد اسٹیشنس پر ٹریفک کم ہوگی۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کا کہنا ہے کہ ریاستی حکومت کی جانب سے باریک چاول پر فی کنٹل 500 روپے بونس فراہم کرنے کی وجہ سے کسانوں کو فی ایکر 10 سے 12 ہزار روپے کی اضافی آمدنی ہورہی ہے۔وزیراعلیٰ نے ایکس پر کہا کہ حکومت کی اس پہل سے کسانوں میں اطمینان کی کیفیت ہے۔

☆☆☆

سنگاریڈی ضلع کے اندول منڈل میں کنسن پلی کے قریب ایک آر ٹی سی بس بے قابو ہوکر ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی اس حادثہ میں تقریباً 20 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ بس، نارائن کھیڑ سے جوگی پیٹ جارہی تھی اور حادثہ کے وقت اس میں پچاس سے زائد مسافرین موجود تھے۔ زخمیوں کو علاج کے لئے جوگی پیٹ کے سرکاری دواخانہ منتقل کیا گیا۔

☆☆☆

ورنگل کانگریس کی رکن پارلیمنٹ کڈیم کاویا کا کہنا ہے کہ قاضی پیٹ کوچ فیکٹری کو لے کر ورنگل کے لوگوں کا دیرینہ خواب اب حقیقت میں بدل رہا ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے اس ضمن میں شروع کئے گئے اقدامات پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ کانگریس رکن پارلیمنٹ نے دہلی میں میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اگست 2025ء تک فیکٹری کی تعمیر مکمل کرنے کا ریلوے کے سینئر عہدیداروں نے اعلان کیا ہے۔ کڈیم کاویا نے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ کے سی آر نے اپنے دس سالہ دورِ اقتدار کے دوران کبھی بھی مرکزی وزرا سے ملاقات نہیں کی تھی، جبکہ موجودہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے گزشتہ سال جولائی، اگست اور رواں سال مارچ میں مرکزی وزرا سے ملاقاتیں کرتے ہوئے کوچ فیکٹری کے قیام کو یقینی بنایا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی تقسیم کے دوران یہ ایک اہم وعدہ کیا گیا تھا۔ کاویا نے مزید کہا کہ کوچ فیکٹری کے علاوہ دیگر ترقیاتی کام جیسے ایرپورٹ، ویلنس سنٹر اور قبائلی یونیورسٹی سے ورنگل تلنگانہ کا دوسرا دارالحکومت بن جائے گا۔ ایک اور رکن پارلیمنٹ ملوروی نے کہا کہ بی آر ایس قائدین وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے دہلی دوروں پر تنقید کررہے ہیں، لیکن ریونت ریڈی کے دوروں کی وجہ سے ہی زیرالتوا کام مکمل ہورہے ہیں۔

☆☆☆

ہائی کورٹ نے کوڑنگل کے سابق رکن اسمبلی و بی آر ایس لیڈر پی نریندر ریڈی کے خلاف درج تین ایف آئی آر میں سے دو کو منسوخ کردیا ہے۔ بومرس پیٹ پولیس نے لگاچرلہ میں ہوئے حملہ کے ضمن میں بی آر ایس لیڈر کے خلاف تین ایف آئی آر درج کی تھی۔ نرنجن ریڈی نے ایک ہی واقعہ پر مختلف مقدمات کو ہائی کورٹ میں چیالنج کیا تھا۔ عدالت نے اس کیس کا فیصلہ پہلے ہی محفوظ کرلیا تھا آج اپنا فیصلہ سنایا ہے۔

☆☆☆

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ علیحدہ ریاست تلنگانہ کی تشکیل کے لئے ریاست کے عوام کو سونیا گاندھی کا شکر گذار ہونا چاہئے۔ ہنمکنڈہ ضلع کے کوتہ کونڈا میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے بی آر ایس پر زور دیا کہ وہ اس بات کا جائزہ لیں کہ کیا اگر سونیا گاندھی کا تعاون نہیں رہتا تو کیا علیحدہ تلنگانہ کا خواب پورا ہوسکتا تھا۔ ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ تلنگانہ کی تشکیل کے لئے کئی قربانیاں دی گئی ہیں اور تلنگانہ بھی جمہوری طریقہ سے پارلیمنٹ میں پیش کیا گیا تھا۔

☆☆☆

بی آر ایس لیڈر کے ٹی راماراؤ کا کہنا ہے کہ تلنگانہ ریاست کی تشکیل اس لئے نہیں ہوئی کہ کسی نے اسے منظوری دے دی بلکہ کے سی آر کی قیادت میں عوام کی مشترکہ جدوجہد کے ذریعہ تلنگانہ کو حاصل کیا گیا ہے۔ انہوں نے پندرہ سال پہلے کے سی آر کی جانب سے کئے گئے بھوک ہڑتال کا حوالہ دیا اور کہا کہ اس واقعہ نے تلنگانہ تحریک کو جلا بخشی تھی۔ کے ٹی آر نے کہا کہ کے سی آر کی قیادت نہ صرف ان کے لئے بلکہ مستقبل کی نسلوں کے لئے تحریک کا سبب رہے گی۔

☆☆☆

علیحدہ ریاست تلنگانہ کی تشکیل کے لئے بی آر ایس پارٹی صدر کے چندر شیکھر راؤ کی جانب سے کئے گئے غیر معینہ بھوک ہڑتال کے پندرہ سال مکمل ہونے پر بی آر ایس کیڈر نے آج ریاست بھر میں دکشا دیوس منایا۔ اس ضمن میں تمام ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرس پر مختلف سماجی و ثقافتی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا اور ریالیاں نکالی گئیں۔ کریم نگر ضلع میں دکشا دیوس کے نام پر ایک عوامی جلسہ کیا گیا جس میں بی آر ایس کے کار گذار صدر کے ٹی راما راؤ نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ پروگرام میں حصہ لینے سے پہلے کے ٹی آر نے تما پور میں شہیدوں کی یادگار پر پہنچ کر شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس دوران تلنگانہ تحریک کی اہم جھلکیوں اور کریم نگر کی ترقی کو پریزنٹیشن کے ذریعہ دیکھا گیا۔ سدی پیٹ میں سابق وزیر ہریش راؤ نے تلنگانہ تلی مجسمہ پر گلہائے عقیدت پیش کئے اور رنگا دھاما پلی یادگارِ شہیداں پر شہیدوں کو خراج پیش کیا۔ عادل آباد میں سابق وزیر جوگو رامنا نے دکشا دیوس پروگرام میں شرکت کی۔ اسی طرح جوگولامبا گدوال میں سابق ایم ایل سی، کے پربھاکر اور ورنگل میں سابق وزیر ای دیا کر راؤ نے دکشا دیوس پروگرام میں حصہ لیا۔ محبوب آباد میں بی آر ایس کے پارٹی دفتر پر کے سی آر کے پوٹریٹ کو دودھ سے نہلایا گیا۔ نلگنڈہ میں سابق وزیر اور سوریہ رکن اسمبلی جگدیش ریڈی نے ایک پروگرام میں حصہ لیتے ہوئے تلنگانہ تحریک پر روشنی ڈالی۔ یدادری بھوانگری میں پرنس کارنر جنکشن پر دکشا دیوس کی تقریب منعقد ہوئی۔ آلیر کی سابق رکن اسمبلی سونیتا مہندر ریڈی اور بھوانگری کے سابق رکن اسمبلی شیکھر ریڈی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

☆☆☆

مرکزی وزیر ساوتری ٹھاکر نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں پردھان منتری ماتر وندنا یوجنا اسکیم نافذ نہیں کی گئی ہے اور اس اسکیم کے تحت ریاست کے لئے کوئی زیر التوا فنڈس نہیں ہیں۔ مرکزی وزیر نے لوک سبھا میں جانکاری دی کہ ریاست میں مہیلا شکتی اسکیم یکم اپریل 2024ء سے روک دی گئی۔ مرکزی وزیر نے ورنگل رکن پارلیمنٹ کڈیم کاویا کی جانب سے پوچھے گئے سوال کا جواب دیا۔

☆☆☆

ایشین انسٹیٹیوٹ آف نفرالوجی اینڈ یورالوجی حیدرآباد میں پروسٹیٹ کی بیماری کے علاج کے لئے نیا طریقہ ریزم واٹر ویپر تھراپی متعارف کرائی ہے۔ یہ تھراپی نوجوانوں اور ادھیڑ عمر کے افراد کے علاج میں معاون ثابت ہوگی اور روایتی سرجریز کا متبادل ہوگی۔ انسٹیٹیوٹ کے مینجنگ ڈائرکٹر ڈاکٹر سی ملکارجنا نے کہا کہ دل کے مریضوں کے لئے یہ ایک محفوظ طریقہ علاج ہے۔

☆☆☆

کارپوریٹ اور خانگی جونیر کالجوں میں بھاری فیس وصولی پر کنٹرول رکھنے کے لئے تلنگانہ حکومت آئندہ سال سے جونیر کالجس کے لئے آن لائن اڈمیشن سسٹم لانچ کرے گی۔ اِس نئے نظام کے تحت طلبہ اور سرپرستوں کے لئے اڈمیشن کا مرحلہ آسان ہوجائے گا۔ آن لائن اڈمیشن نظام شروع کرنے سے پہلے حکومت کارپوریٹ اور خانگی جونیر کالجس میں فیس کا نیا اسٹرکچر متعارف کرانے کا منصوبہ رکھتی ہے، تاکہ تعلیم تک سب کی رسائی ہوسکے۔ آن لائن جونیر کالج اڈمیشن سسٹم ڈگری آن لائن سرویس تلنگانہ کی طرز پر ہوگا۔

☆☆☆

اندرا مہیلا شکتی پروگرام کے تحت ہنمکنڈہ کے قاضی پیٹ میں نکشترا اندرا مہیلا شکتی کینٹین کا افتتاح کیا گیا۔ ورنگل کمشنر ڈاکٹر اشونی تانا جی اور ورنگل ویسٹ کے رکن اسمبلی این راجندر ریڈی نے اس کا افتتاح کیا۔

☆☆☆

آصف آباد ضلع کے کاغذنگر منڈل میں نجرل نگر میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں تیندوے کے حملہ میں ایک زرعی خاتون ورکر کی موت ہوگئی۔ اس واقعہ کے بعد متوفی خاتون کے گھر والوں نے کاغذنگر فاریسٹ ڈپارٹمنٹ کے دفتر کے باہر احتجاج کیا۔ اس موقع پر محکمہ جنگلات کے عہدیداروں نے متاثرہ خاندان کو دس لاکھ روپے معاوضہ اور متوفی خاتون کے شوہر کو آؤٹ سورسنگ ملازمت فراہم کرنے کا یقین دلایا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت نے تلنگانہ کے رامپا اور نلاملا خطوں میں دو ایکوٹوریزم پروجکٹس کو منظوری دی۔ مرکزی حکومت نے تلنگانہ کو دو ایکوٹوریزم پروجیکٹ منظور کئے ہیں۔ ان پروجکٹس کے لئے حکومت نے 141.84 کروڑ روپے منظور کئے ہیں۔ رامپا ریجن 73 کروڑ کی لاگت سے اور سوماسیلا پروجکٹ 68 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔ مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے دو بڑے سیاحتی پروجکٹس منظور کرنے پر وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان پروجکٹس کے ذریعہ مقامی معیشت کو تقویت ملے گی اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

☆☆☆

ریاستی وزیر جنگلات و ماحولیات کونڈا سریکھا نے الزام لگایا کہ اپوزیشن بی آر ایس ہر معاملہ پر ریاستی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے سرمایہ کاروں میں عدم تحفظ کا احساس پیدا کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ حیدرآباد میں میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے الزام لگایا کہ بی آر ایس لیڈر و سابق وزیر کے تارک راما راؤ سیاسی مقاصد کے لئے وانکھیڑی طلبہ کے واقعہ کو اجاگر کررہے ہیں۔ کونڈا سریکھا نے مزید کہا کہ جب بی آر ایس اقتدار میں تھی اس نے اقامتی تعلیمی اداروں کی بھلائی کے لئے کوئی فکر نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کی جانب سے لگائے گئے الزامات کی جانچ کی جائے گی اور قصورواروں کو سزا دی جائے گی۔